# کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد چھاؤنی

## نوٹس نیلامی ٹھیکہ وصولی داخلہ فیس، لیڈی گارڈن

بذریعہ نوٹس ہذا ہر خاص و عام کی اطلاع کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد وصولی داخلہ فیس لیڈی گارڈن کا ٹھیکہ برائے سال (2025-26) تک بذریعہ نیلامی دینے کا خواہشمند ہے۔ خواہشمند حضرات دفتر کینٹونمنٹ بورڈ واقع نزد CMH مانسہرہ روڈ ایبٹ آباد کینٹ میں مؤرخہ 11 / 06 /2025 بوقت 11 بجے دن کو حاضر ہو کر نیلامی میں حصہ لے کر موقع سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اگر کسی وجہ سے مذکورہ تاریخ کو نیلامی منسوخ ہو گئی تو دوبارہ نیلامی مؤرخہ 12 / 06 /2025 جبکہ سہ بارہ نیلامی مؤرخہ 13 / 06 /2025 کو ہوگی اور اس کے بارے دوبارہ اخبار اشتہار نہیں دیا جائے گا۔

| | |
|---|---|
| شرح داخلہ فیس | مبلغ-/20روپے فی فرد |

### شرائط نیلامی

1۔ ایسے افراد جن کے ذمہ کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد کے واجبات ہوں یا دفتر ہذا سے مقدمہ بازی میں ملوث رہے ہوں یا کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹڈ ہوں، نیلامی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔

2۔ بولی میں حصہ لینے کے خواہشمند حضرات / فرد / فرم / کمپنیوں کو مبلغ-/10,00,000 روپے بطور زرِ بیعانہ بصورت بنک کال ڈیپازٹ / پے آرڈر بحق کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر دفتر ہذا میں جمع کرانے ہونگے جو اختتام بولی پر پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والوں کے علاوہ سب کو واپس کر دیے جائیں گے۔ مطلوبہ رقم کا پے آرڈر / کال ڈیپازٹ جمع کروانا لازمی ہے، نقد رقم قابلِ قبول نہ ہوگی۔ اس کے علاوہ بولی دہندگان کو مصدقہ شناختی کارڈ کی نقل بھی مہیا کرنا ہوگی۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ بولی کے اختتام پر کل بولی کا 25% بطور سیکیورٹی (قابل واپسی) جمع کروائے گا جو ٹھیکہ کی مدت ختم ہونے کے بعد واپس کر دی جائے گی۔ سیکیورٹی کی رقم ٹھیکہ کی مدت کے دوران ٹھیکہ کی ماہانہ اقساط میں ایڈجسٹ نہیں کی جائے گی۔

4۔ دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کی کال ڈیپازٹ اُس وقت تک دفتر ہذا میں جمع رہے گی جب تک کامیاب بولی دہندہ اپنی کل بولی کا 25% جمع نہیں کروا دیتا۔

5۔ پاک آرمی، کینٹونمنٹ بورڈ ملازمین، خصوصی افراد، 5 سال سے کم عمر بچے اور 60 سال سے زائد عمر کے بزرگ داخلہ فیس سے مستثنیٰ ہونگے۔

6- ٹھیکیدار کو ٹھیکہ کی رقم کے مطابق پوسٹ ڈیٹڈ چیک دینا ہونگا جو کے سال کے ایڈوانس (12 ماہ کی قسط) کے طور پر وصول کی جائیگا۔

7۔ شرائط نیلامی کی خلاف ورزی، اوور چارجنگ یا ماہانہ قسط کی ادائیگی میں زیادہ تاخیر کی صورت میں ٹھیکہ کینسل کر دیا جائے گا اور سیکیورٹی کی رقم بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی۔ ٹھیکہ کی مدت پوری ہونے سے پہلے ٹھیکہ چھوڑنے والے ٹھیکیدار کی سیکیورٹی کی رقم بھی بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی۔

08۔ ٹھیکیدار بولی کی حتمی منظوری کے پندرہ دن کے اندر اندر دفتر ہذا سے اپنے خرچہ پر ٹھیکہ کا تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

09۔ انکم ٹیکس کا اطلاق حکومت کے مجوزہ قوانین کے مطابق ہوگا جو کامیاب بولی دہندہ کو ادا کرنا ہوگا جو کہ ایڈوانس وصول کیا جاۓگا۔

10۔ بولی کی حتمی منظوری کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد / مجاز اتھارٹی کی منظوری کے تابع ہوگی۔

11۔ زیردستخطی / مجاز اتھارٹی کو پیپرا قوانین کے تحت بولی کو منظور / مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

12۔ دیگر شرائط و ضوابط یا نیلامی سے متعلق کسی بھی معلومات کے لئے دفتری اوقات کار میں دفتر ہذا سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

13۔ اس اشتہار کی کاپی پیپرا کی ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

14۔ یہ کہ ٹھیکیدار صرف اور صرف داخلہ فیس کی وصولی کا مجاز ہوگا۔ اس کے علاوہ لیڈی گارڈن پارک کے اندر یا باہر کسی قسم کی تجارتی سرگرمی میں ملوث نہیں ہوگا۔

15۔ انٹری فیس کے ٹھیکے کی آڑ میں موقع پر کسی بھی قسم کا کاروبار کرنے کی صورت میں ٹھیکہ کینسل کر دیا جائے گا اور سیکیورٹی کی رقم بحق کینٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائیگی۔

المشتہر

کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

ایبٹ آباد چھاؤنی

Syed Mohsin Hassan
Assistant Director (Web Design)
Tuesday, 27 May, 2025, 2:7:36 PM
Syed Mohsin Hassan
Assistant Director (Web Design)
Tuesday, 27 May, 2025, 2:7:36 PM